پریس ریلیز

جنرل ہسپتال: تزئین و آرائش و مرمت کیلئے پنجاب حکومت کا 61.983 ملین فنڈز کا اجرا، کام شروع

وارڈز، او پی ڈی، دفاتر، آپریشن تھیٹرز کے رنگ و روغن اور 80 پبلک واش رومز کی مرمت ہوگی: پرنسپل پی جی ایم آئی

6 ڈکٹس کی صفائی، ترقیاتی کاموں کی تکمیل 15 جون کی ڈیڈ لائن، محکمہ مواصلات و تعمیرات کو ہدایات جاری

کام کے معیار پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، عوام کے ٹیکسوں کا پیسہ مریضوں کی فلاح پر خرچ ہوگا: پروفیسر الفرید ظفر

لاہور 20 مئی:...... محکمہ صحت حکومت پنجاب نے لاہور جنرل ہسپتال کی تزئین و آرائش اور مختلف مرمتی کاموں کیلئے 61.983 ملین روپے جاری کر دیے ہیں، یہ فنڈز ہسپتال کے فیز 1 سے فیز 3 تک کے وارڈز، او پی ڈی، دفاتر اور آپریشن تھیٹرز کے رنگ و روغن، 80 پبلک واش رومز کی مرمت اور 6 ڈکٹوں کی صفائی پر خرچ ہوں گے جبکہ ان ترقیاتی کاموں کا بلا تاخیر آغاز کر دیا گیا ہے۔

اس امر کا اظہار پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر الفرید ظفر نے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم، ڈاکٹر ریاض حفیظ، ڈاکٹر جاوید ممتاز، ظفر مختار کے علاوہ دیگر انتظامی ڈاکٹرز بھی موجود تھے۔ ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم نے پرنسپل کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے مذکورہ ترقیاتی و تعمیراتی کام محکمہ مواصلات و تعمیرات کے سپرد کر دیے گئے ہیں تاکہ قوانین و ضوابط کے مطابق یہ تمام کام شفاف طریقے سے سرانجام دیا جا سکے۔

پروفیسر الفرید ظفر نے اس امر پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام کے ٹیکسوں کے پیسے کو مریضوں کی فلاح و بہبود پر خرچ کرنا ہماری اولین ترجیح ہے اور اس ذمہ داری کو پورا کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی جبکہ اس کام کی تکمیل کے لئے 15 جون 2023 تک ڈیڈ لائن مقرر کی گئی ہے تاکہ رواں مالی سال میں فنڈز کے استعمال کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان ترقیاتی کاموں کے مکمل ہونے سے مریضوں، تیمارداروں اور میڈیکل سٹاف کو مزید صاف ستھرا ماحول مہیا کرنے کے علاوہ دیگر سہولیات بھی میسر آئیں گی جس سے اُن کے کام کا معیار بہتر ہوگا۔

پرنسپل پی جی ایم آئی نے کہا کہ ہر وارڈ کے رجسٹرار کی یہ ذمہ دار ہوگی کہ وہ معیاری کاموں کے مکمل ہونے اور اُن تصدیق کے لئے تسلی بخش سرٹیفکیٹ جاری کرے تاکہ تزئین و آرائش اور مرمت کے کام کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ معیار اور کفائیت شعاری کے ساتھ ترقیاتی کاموں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا اور ایم ایس سمیت تمام انتظامی ڈاکٹرز اس امر کو یقینی بنائیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے ہسپتال انتظامیہ کو بھی ہدایت کی کہ وہ 61.983 ملین کے خطیر فنڈز سے شروع کیے جانے والے منصوبے کی خصوصی مانیٹرنگ کریں تاکہ تمام کام بروقت مکمل ہو سکیں۔

☆☆☆☆